# Per Board Examination, January 2020

## Urdu (Course – B)

Class : X
Date : 14-01-2020

M. Marks: 80
Time : 3 Hours

**ہدایات:** 1۔ یہ سوالنامہ چار حصّوں، 21 سوالات اور چھ صفحات پر مشتمل ہے۔ 2۔ تمام سوالات لازمی ہیں۔

3۔ سولات کے جوابات ترتیب وار دیجیے اور صفائی و خوشخطی کا خاص خیال رکھیے۔

(حصّہ۔الف)

سوال نمبر 1۔ درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے اور ایک لفظ یا ایک جملہ میں لکھیے۔ 5

اردو افسانہ نگاروں میں کرشن چندر کی مقبولیت اپنی مثال آپ تھی۔ 23 نومبر 1914 کو وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ پنجاب میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد ڈاکٹر گوری شنکر بھرت پور اور پونچھ میں ملازم تھے۔ کرشن چندر کی ابتدائی تعلیم پونچھ (جموں کشمیر) میں ہوئی۔ 1930 کے بعد اعلی تعلیم کے لئے لاہور آ گئے اور فورمین کرسچین کالج میں داخلہ لے لیا۔ 1934 میں پنجاب یونیورسٹی سے انگریزی میں ایم۔اے کیا۔ ان کی ادبی زندگی صحیح معنوں میں 'ادبی دنیا لاہور' سے شروع ہوئی جہاں صلاح الدین احمد نے ان کی بے حد حوصلہ افزائی کی۔ اسی زمانے میں کرشن چندر کو آل انڈیا ریڈیو لاہور میں ملازمت مل گئی اور سال بھر میں دہلی اور پھر لکھنؤ تبادلہ ہو گیا۔ لکھنؤ اس زمانے میں ترقی پسند تحریک کا مرکز تھا۔ لکھنؤ میں تھے کہ شالیمار پکچرز کے لئے مکالے لکھنے کی دعوت ملی اور وہ استعفی دے کر پونہ چلے گئے۔ بعد میں مستقل طور پر بمبئی آ گئے۔ 1969 میں حکومت ہند کی طرف سے 'پدم بھوشن' کا اعزاز عطا ہوا۔

1۔ کرشن چندر کون تھے؟

الف۔ افسانہ نگار ب۔ قصیدہ نگار ج۔ مرثیہ گو د۔ نظم گو

2۔ کرشن چندر کے والد گوری شنکر کہاں ملازم تھے؟

الف۔ بھرت پور ب۔ پونچھ (جموں کشمیر)

ج۔ اوپر کے دونوں صحیح ہیں۔ د۔ ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

3۔ کرشن چندر ـــــــــــ میں پیدا ہوئے۔

4۔ کرشن چندر نے کہاں کہاں ملازمت کی؟

5۔ حکومت ہند نے کرشن چندر کو کب اور کون سا اعزاز عطا کیا؟

سوال نمبر 2۔ درج ذیل غیر درسی اشعار کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے اور ایک لفظ یا ایک جملہ میں لکھیے۔ 5

خلوص والفت، وفا محبت، وطن پرستی کی شان بولو
تمہارے دل میں بھی ہو یہ جذبہ، تو تم بھی اردو زبان بولو

یہ غم کے ماروں کو حوصلہ دے، وطن پہ مرنے کا ولولہ دے
اکھاڑا جس نے فرنگی خیمہ، زبان ہندوستان بولو
تمہارے دل میں بھی ہو یہ جذبہ، تو تم بھی اردو زبان بولو

گنگا جمنا کے مست دھارے، کر رہے ہیں یہی اشارے
ہم کو رہنا ہے ساتھ ہی جب، کیوں ہو ہم بد گمان بولو
تمہارے دل میں بھی ہو یہ جذبہ، تو تم بھی اردو زبان بولو

1۔ اس نظم میں شاعر کون سی زبان بولنے کی بات کر رہے ہیں؟

الف۔ ہندی　　ب۔ اردو　　ج۔ عربی　　د۔ فارسی

2۔ یہ زبان کسے حوصلہ دیتی ہے؟

الف۔ امیروں کو　　ب۔ تاجروں کو　　ج۔ غم کے ماروں کو　　د۔ غریبوں کو

3۔ زبان ہندوستان ۔۔۔۔۔۔۔ کو کہا گیا ہے۔

4۔ گنگا جمنا کے دھارے کیا اشارہ کر رہے ہیں؟

5۔ اردو زبان بولنے والوں کے دل میں کون سا جذبہ ہونا چاہیے؟

سوال نمبر 3۔ درج ذیل درسی عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے اور ایک لفظ یا ایک جملہ میں لکھیے۔ 5

رضیہ سلطان باقاعدہ دربار لگاتی تھی۔ اس نے برابری اور بھائی چارے کو عام کیا۔ رضیہ سلطان نے حکومت کے اختیارات کو چالیس امیروں میں بانٹا جن سے وہ ملکی معاملات میں مشورہ کرتی تھی۔ اس نے "میر آخور" کا سب سے بڑا عہدہ ایک حبشی غلام یاقوت کو دیا کیونکہ وہ ایماندار اور جفاکش تھا۔ یہ اہم عہدہ اب تک صرف ترک امیروں کو ملتا تھا۔ یہ بات ترک امیروں کو پسند نہیں آئی۔ انھوں نے رضیہ کو تخت سے اتارنے کی سازش کی اور بھٹنڈا کے گورنر التونیہ کو بہکا کر بغاوت کروادی۔

1۔ یہ عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

الف۔ رضیہ سلطان　　ب۔ رضیہ کی حکومت　　ج۔ کارتوس　　د۔ التونیہ اور رضیہ کی جنگ

2۔ سب سے بڑا عہدہ کون سا تھا؟

الف۔ میر باخور　　ب۔ مرزا جاخور　　ج ۔ میر آخور　　د ۔ ایماندار

3۔ بھٹنڈا کے گورنر کا نام۔۔۔۔۔۔ تھا۔

4۔ رضیہ نے حکومت کے اختیارات کو کیا کیا؟

5۔ ترک امیر کیوں ناراض ہوئے؟

5 سوال نمبر 4۔ درج ذیل درسی اشعار کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے اور ایک لفظ یا ایک جملہ میں لکھیے۔

ٹینک آگے بڑھے کہ پیچھے ہٹیں　　کوکھ دھرتی کی بانجھ ہوتی ہے
فتح کا جشن ہو کہ ہار کا سوگ　　زندگی میتوں پہ روتی ہے
جنگ تو خود ہی ایک مسئلہ ہے　　جنگ کیا مسئلوں کا حل دے گی
آگ اور خون آج بخشے گی　　بھوک اور احتیاج کل دے گی

1۔ اس نظم کا عنوان کیا ہے؟

الف۔ اے شریف انسانو　　ب۔ پہاڑ اور گلہری　　ج۔ قدم بڑھاؤ دوستوں　　د۔ نیکی اور بدی

2۔ ٹینک کے آگے بڑھنے سے کیا ہوتا ہے؟

الف۔ گولی چلتی ہے　　ب۔ سفر جلدی طے ہوتا ہے　　ج۔ دھرتی کی کوکھ بانجھ ہوتی ہے　　د۔ دشمن بھاگ جاتے ہیں

3۔ جنگ خود ہی ایک۔۔۔۔۔۔ ہے۔

4۔ احتیاج کے کیا معنی ہیں؟

5۔ اس نظم کے شاعر کا کیا نام ہے؟

(حصہ۔ب)

10 سوال نمبر 5۔ نیچے لکھے ہوئے عنوانات میں سے کسی ایک پر ڈھائی سو (250) الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔

1۔ دہشت گردی　　2۔ مطالعے کے فائدے　　3۔ تاریخی مقام کی سیر　　4۔ مذہبی تہوار

سوال نمبر 6۔ اپنے دوست / سہیلی کو خط لکھ کر اسے حیدر آباد آنے کی دعوت دیجیے۔ 5

یا

درسی کتابیں منگواتے ہوئے کتب فروش کے نام خط لکھیے۔

سوال نمبر 7۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

1۔ کاٹھ کا گھوڑا 2۔ کارتوس 3۔ قول کا پاس

سوال نمبر 8۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال لکھیے۔ 5

1۔ قدم بڑھاؤ دوستو! 2۔ پہاڑ اور گلہری 3۔ اے شریف انسانو

(حصّہ۔ج)

سوال نمبر 9۔ درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے۔ 2

بہتر حلال سکھ شکست

سوال نمبر 10۔ درج ذیل مذکر اور مونث کو الگ کر کے لکھیے۔ 2

موقع تعلیم محنت راستہ

سوال نمبر 11۔ فعل مجہول کی تعریف دو مثالیں دے کر لکھیے۔ 2

سوال نمبر 12۔ "ان" کا سابقہ اور "مند" کا لاحقہ لگا کر ایک ایک لفظ بنایئے۔ 2

سوال نمبر 13۔ درج ذیل واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے۔ 2

ماہرین عدد بیگم وظائف

سوال نمبر 14۔ فعل مستقبل کی تعریف مثالیں دے کر لکھیے۔ 2

سوال نمبر 15۔ درج ذیل الفاظ کے مترادف لکھیے۔ 2

جنگ آب خط شان

سوال نمبر 16۔ سکتہ کسے کہتے ہیں مثال دے کر سمجھایئے۔ 2

سوال نمبر 17۔ درج ذیل الفاظ / محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4

بول بالا ہونا مقدار نیچا دکھانا خلاف

(حصّہ۔د)

سوال نمبر18۔ درج ذیل میں سے کسی تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 6

1۔بے تکلفی سے کیا کیا پریشانی ہوتی ہے؟

2۔سرائے والے اور مزدور میں کیا جھگڑا تھا؟

3۔بندو کو کاٹھ کا گھوڑا کیوں کہا گیا ہے؟

4۔آنکھوں کی حفاظت کے لئے ہمیں کیا کرنا چاہئے؟

5۔ای–میل بھیجنے کا طریقہ کیا ہے؟

سوال نمبر19۔ درج ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 2

1۔وزیر علی کے کارنامے سن کر کس کے کارنامے یاد آتے ہیں؟

2۔اونتی نے زمین کا مرکز کہاں بتایا؟

3۔التتمش کی وصیت کیا تھی؟

4۔لین شو نے بی بی سے کیا قیاس آرائی کی؟

سوال نمبر20۔ درج ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

1۔پہاڑ اور غار کو نگاہ میں نہ لانے کا کیا مطلب ہے؟

2۔اس شعر میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

لائی حیات آئے، قضا لے چلی چلے ۔اپنی خوشی نہ آئے، نہ اپنی خوشی چلے

3۔دھرتی کی بانجھ ہونے سے کیا مطلب ہے؟

4۔'کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

سوال نمبر21۔ درج ذیل میں سے کسی تین سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 3

1۔ نظم پہاڑ اور گلہری کے شاعر کا نام کیا ہے؟

2۔دل میں فروتنی کو جگہ کون دیتا ہے؟

3۔کعبے جانے سے شاعر کو شرم کیوں آتی ہے؟

4۔شاعر اسماعیل میرٹھی کی کون سی نظم آپ کی درسی کتاب میں لکھی ہے؟اس کا نام لکھیے۔

5۔ شعر مکمل کیجیے۔

آگے آتی تھی حالِ دل پہ ہنسی

---------------

******************************************************